StudentBounty.com

Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No. ____________

Sig. of Candidate: ____________

Sig. of Invigilator: ____________

# اُردو (لازمی) ۔ ایس ایس سی-I

وقت: 20 منٹ                    حصہ اوّل (کل نمبر: 15)

نوٹ: حصہ اول لازمی ہے۔ اس کے جوابات پرچہ پر ہی دیے جائیں گے۔ اس کو پہلے بیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر ۱:** دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) 'ایک خادمِ خلق کی کہانی' میں خادمِ خلق کی عمر کتنی بتائی گئی ہے؟

الف۔ تیس سال　ب۔ پچیس سال　ج۔ چالیس سال　د۔ پچاس سال

(ii) سبق 'سویرے جو کل آنکھ میری کھلی' کا مرکزی خیال کیا ہے؟

الف۔ ہر کام کے لیے منصوبہ بندی ضروری ہوتی ہے۔　ب۔ سحر خیزی صحت کے لیے مفید ہوتی ہے۔

ج۔ محنت میں عظمت ہے۔　د۔ درج شدہ تمام

(iii) کسی پودے کو کیڑا لگ جاتا تو نام دیو ________

الف۔ اسے اکھاڑ دیتا　ب۔ اس کا علاج کرتا　ج۔ اسے بیچ دیتا　د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

(iv) غدر کے وقت شہزادہ ماہ عالم کی عمر کیا تھی؟

الف۔ نو سال　ب۔ گیارہ سال　ج۔ تیرہ سال　د۔ چودہ سال

(v) مرزا محمد سعید ______ کے لیے مطالعہ کرتے تھے۔

الف۔ معلومات　ب۔ دوسروں پر رعب ڈالنے　ج۔ انگریز پر سبقت لے جانے　د۔ درج شدہ تمام

(vi) شامل نصاب 'نعت' میں شاعر بہزاد لکھنوی کس شہر جانے کی آرزو کرتا ہے؟

الف۔ مکّہ　ب۔ مدینہ　ج۔ جدّہ　د۔ طائف

(vii) نظم 'کھڑاؤنز' میں شاعر کو کیا ڈھونڈنے کے لیے کئی میل دوڑایا گیا؟

الف۔ مٹر　ب۔ پلاؤ　ج۔ کباب　د۔ آلو گوشت

(viii) نظم 'خواب کی تعبیر' کے شاعر کا نام کیا ہے؟

الف۔ جمیل جالبی　ب۔ جمیل مظہری　ج۔ جمیل الدین عالی　د۔ عالی رضوی

(ix) شامل نصاب غزل کے مطابق میرؔ کی ساری جوانی کس میں گزر گئی؟

الف۔ اشک فشانی میں　ب۔ دردمندی میں　ج۔ فقیری میں　د۔ عبادت میں

(x) تانگے والوں کی ہڑتال سے سب سے زیادہ کون متاثر ہوئے؟ (بحوالہ سبق ___ سندباد جہازی)

الف۔ سائیکلوں والے　ب۔ موٹر سائیکلوں والے　ج۔ تانگے کی سواری والے　د۔ گاڑیوں والے

(xi) "وہ" اور "اس" قواعد کی رو سے کیا ہیں؟

الف۔ اسم نکرہ　ب۔ اسم معرفہ　ج۔ اسم ضمیر　د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

(xii) "دکھاوا" قواعد کی رو سے کیا ہے؟

الف۔ اسم صفت　ب۔ اسم حاصل مصدر　ج۔ اسم موصول　د۔ حرف جار

(xiii) "چلنا"، "جلنا"، "گانا" قواعد کی رو سے کیا ہے؟

الف۔ مصدر　ب۔ حاصل مصدر　ج۔ اسم مشتق　د۔ اسم علم

(xiv) "اسلم نے خط لکھا" قواعد کی رو سے کیا ہے؟

الف۔ جملہ اسمیہ　ب۔ جملہ فعلیہ　ج۔ جملہ انشائیہ　د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

(xv) وہ حرف جو دو اسموں یا دو جملوں کو آپس میں ملا دے کیا کہلاتا ہے؟

الف۔ حرف جار　ب۔ فعل تام　ج۔ فعل ناقص　د۔ حرف عطف

---

برائے ممتحن:　کُل نمبر: 15　حاصل کردہ نمبر: ____

StudentBounty.com

# اُردو (لازمی) ایس ایس سی-I

وقت: 2:40 گھنٹے کل نمبر حصہ دوم اور سوم 60

## حصہ دوم (کل نمبر 34)

سوال نمبر ۲: الف: مندرجہ ذیل سوالات میں سے بارہ (12) اجزاء کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (12x2=24)

(i) قبر کے کنارے بیٹھ کر حضور ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا؟

(ii) مصنف کے نزدیک عقل اور امید کے دائرہ کار میں کیا فرق ہے؟

(iii) سفارش طلبوں کی اصلاح کیسے کی جاسکتی ہے؟

(iv) جاپانی غیر ملکیوں کو گھر دکھانے سے گریزاں کیوں رہتے ہیں؟

(v) "سند باد جہازی" میں مصنف نے کچھ سیاست دانوں کو تیتر اور بٹیر کیوں کہا ہے؟

(vi) "اور غایتِ گفتار، خداد کیھ رہا ہے"۔ میں غایت گفتار سے کیا مراد ہے؟

(vii) نظم" وصال" میں گھڑا ٹوٹنا سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(viii) حضرت امِ عمارہؓ کی بہادری کا کوئی واقعہ لکھیے۔

(ix) نظم "خواب کی تعبیر" کا مرکزی خیال تحریر کریں۔

(x) برسات میں ٹپکتی ہوئی چھتیں کیسی لگتی ہیں؟

(xi) بہادر شاہ ظفر نے اپنی غزل میں "باغباں" اور "صیاد" کن لوگوں کو کہا ہے؟

(xii) مولانا حسرت موہانی روز و شب کس کے تصوّر میں غرق رہتے ہیں؟

(xiii) جگر مراد آبادی کی زبان پر شکوہ اہلِ ستم کیوں نہیں ہے؟

(xiv) میر نے اپنی اشک فشانی کو بوچھاڑ کے مینہ کی طرح کیوں کہا ہے؟

ب: درج ذیل میں سے کوئی سے **پانچ** اجزا حل کیجیے: (5x2=10)

(i) جملے بنا کر تذکیر و تانیث واضح کیجیے: اخبار ، وضع

(ii) متضاد لکھیں: مومن ، دوست

(iii) مترادف لکھیں: حکمت ، بشر

(iv) مندرجہ ذیل محاورات کو جملوں میں اس طرح استعمال کیجیے کہ معنی واضح ہو جائیں:

آنکھیں سفید ہونا ، گوہرِ مراد پانا

(v) "سعید گھر میں موجود ہے۔" کی ترکیب نحوی لکھیے۔

(vi) "مطلع" کی تعریف لکھیں اور مثال دیں۔

## حصہ سوم (کل نمبر 26)

سوال نمبر ۳: مصنف، سبق اور اس کے متن کا مختصر حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک نثر پارے کی تشریح کیجیے: (1/2+1/2+1+4=6)

الف۔ مُروّت اور لحاظ مرزا کی طبیعت میں بدرجہ غایت تھا۔ باوجودیکہ اخیر عمر میں وہ اشعار کی اصلاح دینے سے بہت گھبرانے لگے تھے، بایں ہمہ کبھی کسی کا قصیدہ یا غزل بغیر اصلاح کے واپس نہ کرتے تھے۔ ایک صاحب کو لکھتے ہیں ''جہاں تک ہوسکا احباب کی خدمت بجا لایا اور اوراقِ اشعار دیکھتا تھا اور اصلاح دیتا تھا۔ اب نہ آنکھ سے اچھی طرح سُوجھے اور نہ ہاتھ سے اچھی طرح لکھا جائے ''۔

ب۔ آٹھویں درجہ میں آ کر بازاری لونڈوں کے ساتھ کنکوے کے لیے دوڑ رہے ہو۔ افسوس ہے تمھاری اس ناعقلی پر۔ تم ذہین ہو اس میں شک نہیں لیکن وہ ذُہن کس کام کی جس سے آدمی اپنا وقار کھو بیٹھے۔ تم اپنے دل میں یہ سمجھتے ہو میں ان سے محض ایک درجہ پیچھے ہوں اور اب انہیں مجھ کو کچھ کہنے کا حق نہیں ہے۔ میں تمھارے اس خیال کو کبھی تسلیم نہیں کرسکتا۔

StudentBounty.com

شاعر اور نظم کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک نظم پارے کی تشریح کیجیے: (1/2+1/2+2+2=5)

الف: نہ چھوٹے کبھی یہ دیارِ مدینہ
یہ حسرت سرِ آستاں لے کے جاؤں
جو تڑپا رہا ہے مری زندگی کو
وہی دل کا دردِ نہاں لے کے جاؤں

ب: سہارا دے مجھے جوشِ محبت
کمی جوشِ محبت میں نہ آئے
نڈر ہو کے میں اب دریا میں اتروں
بلا سے جان جاتی ہے تو جائے

سوال نمبر ۵: شاعر کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک غزلیہ جزو کی تشریح کیجیے: (1+2+2=5)

الف: ہر حال میں رہا جو ترا آسرا مجھے
مایوس کر سکا نہ ہجومِ بلا مجھے
ہر نغمے نے انھی کی طلب کا دیا پیام
ہر ساز نے انھی کی سنائی صدا مجھے

ب: بات کی طرز کو دیکھو تو کوئی جادو تھا
پر ملی خاک میں کیا سحر بیانی اس کی
سرگزشت اپنی کس اندوہ سے شب کہتا تھا
سو گئے تم نہ سنی آہ! کہانی اُس کی

سوال نمبر ۶: اپنے دوست کو خط لکھیے اور اپنے علاقے میں سیلاب کی تباہ کاریوں کے بارے میں بتائیں۔ (5)

سوال نمبر ۷: دو دوستوں کے درمیان "مہنگائی" کے موضوع پر ایک مکالمہ تحریر کریں۔ (5)

(یا)

مندرجہ ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات اپنے الفاظ میں دیجیے:

اسلام نے لفظ قوم کے معنی بدل دیے ہیں۔ اسلام سے پہلے کے تمام قومی سلسلے، تمام قومی رشتے نسل یا علاقے سے تعلق رکھتے تھے۔ لیکن اسلام نے **لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ** کے تحت ایک نیا روحانی بلکہ خدائی قومی رشتہ قائم کر دیا۔ اسلام کسی سے نہیں پوچھتا کہ وہ ترک ہے یا تاجیک، وہ افریقہ کا رہنے والا ہے یا عرب کا، وہ چین کا باشندہ ہے یا ماچین کا، پاکستان میں پیدا ہوا ہے یا ہندوستان میں، کالے رنگ کا ہے یا گورے رنگ کا، بلکہ جس کسی نے اللہ کی توحید اور محمد رسول اللہ ﷺ کی رسالت کو مان لیا وہ ایک رشتے میں بندھ گیا۔ جس سے اچھا اور پیارا رشتہ اور کوئی نہیں ہے۔

**سوالات:**

الف۔ اسلام نے لفظ قوم کو کتنی وسعت دی ہے؟
ب۔ کیا اسلام میں نسل اور علاقے کا امتیاز جائز ہے؟
ج۔ اسلام میں ترکی کے مسلمان، چین کے مسلمان اور پاکستان کے مسلمان کے درمیان امتیاز قائم ہوگا؟
د۔ کیا گورے مسلمان کو کالے مسلمان پر کوئی فوقیت حاصل ہے؟
ر۔ اس عبارت کا عنوان لکھیے۔

------ 1SA-1103 ------